۴۔ ''کوئن فراسو، حیات و خدمات، بہ حوالہ خصوصی قصۂ عشق افزاء (نسخۂ باقر)''

تدوین: ڈاکٹر ذوالقرنین (شاداب احسانی)

ناشر: انجمن ترقی اُردو پاکستان

سنہ اشاعت: ۲۰۱۰ء

صفحات: ۳۶۸

مبصر: سیّد طارق حسین رضوی، پی ایچ۔ڈی اسکالر، شعبۂ اردو، سندھ یونیورسٹی، جامشورو

اُردو زبان و ادب کی ترقی و ترویج میں یورپین اہلِ قلم نے گراں قدر خدمات انجام دیں۔ پیشِ نظر کتاب شعبۂ اُردو جامعۂ کراچی کے استاد، محقق، ڈاکٹر ذوالقرنین احمد کا پی ایچ۔ڈی کا مقالہ ہے۔ جسے انجمن ترقی اُردو پاکستان نے کتابی صورت میں پیش کیا ہے۔ ڈاکٹر ذوالقرنین نے ''قصۂ عشق افزاء'' کے حوالے سے کوئین فراسو کی ادبی خدمات کا تفصیلی جائزہ لیا ہے۔ کوئن فراسو دہلی میں پیدا ہوا۔ اس کے والدین کا تعلق جرمنی سے تھا۔ وہ شاہ نصیر کا شاگرد اور غالب کا ہم عصر تھا۔ شاعری کے علاوہ ''قصۂ عشق افزاء'' بھی اس کی یادگار ہے۔ ڈاکٹر صاحب نے اس کتاب کے ذریعے اُردو ادب کی تاریخ میں کوئن فراسو اور اس کے تحریر کردہ قصّے ''قصۂ عشق افزاء'' کو پہلی بار متعارف کروایا ہے۔

یہ کتاب ۱۶/ابواب پر مشتمل ہے۔ باب اوّل میں یورپی اہلِ قلم کی ادبی خدمات، باب دوم میں کوئن فراسو کی سوانح، باب سوم میں فراسو کے معاصرین کی ادبی خدمات، باب چہارم میں فراسو کی کتب، تعارف و تبصرہ، باب پنجم میں قصۂ عشق افزاء (نسخہ باقر) کا خصوصی مطالعہ اور باب ششم میں تدوینِ متن قصۂ عشق افزاء (نسخہ باقر) پیش کیا گیا ہے۔ اُردو ادب کی تاریخ اور بالخصوص داستانوی ادب کی تاریخ میں یہ کتاب ایک گراں قدر اضافہ ہے۔